آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ
نوائے احمد پور شرقیہ
بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر
ٹیلیفون نمبر: 062-2508053
موبائل: 0301-7740405
ایڈیٹر: اعجاز احمد خان
مینجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

جلد نمبر 20 | بروز بدھ 04 نومبر 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زرسالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 212

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

پاکستان کا مقامی طور پر تیار کردہ پہلے ایئر ٹو ایئر میزائل فاز کا کامیاب تجربہ

فاز میزائل جدید ترین ٹرمنل گائیڈنس سسٹم سے لیس ہے اور طویل فاصلے پر موجود اہداف کو کامیابی سے نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ میزائل کی کامیاب آزمائش سے پاک فضائیہ کی آپریشنل صلاحیتوں میں نمایاں اضافہ ہوگا

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے دفاعی اور ایرو اسپیس ٹیکنالوجی کے شعبے میں ایک اور اہم سنگ میل عبور کرلیا، مقامی طور پر تیار کردہ پہلے ایئر ٹو ایئر میزائل فاز کا کامیاب تجربہ کرلیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ) آئی ایس پی آر (کے مطابق فاز میزائل جدید ترین ٹرمنل گائیڈنس سسٹم سے لیس ہے اور طویل فاصلے پر موجود اہداف کو کامیابی سے نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے کہ میزائل کی کامیاب آزمائش سے پاک فضائیہ کی آپریشنل صلاحیتوں میں نمایاں اضافہ ہوگا، جبکہ ملکی دفاعی صلاحیتیں اور فضائی دفاعی نظام مزید مضبوط ہوں گے۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق فاز میزائل کا کامیاب تجربہ پاکستان کی دفاعی صنعت

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل: پٹرول سستا، ڈیزل مہنگا

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ردوبدل کردی گئی، پٹرول 5 روپے 45 پیسے فی لٹر سستا جب کہ ڈیزل 3 روپے 68 پیسے فی لٹر مہنگا کردیا گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے پٹرول 5 روپے 45 پیسے فی لٹر جب کہ ڈیزل کی قیمت میں 3 روپے 68 پیسے فی لٹر کمی کردی۔ پٹرولیم ڈویژن کے نوٹیفکیشن کے مطابق قیمتوں میں ردوبدل کے بعد پٹرول کی نئی قیمت 369 روپے 6 پیسے فی لٹر مقرر ہوگئی ہے، جبکہ ڈیزل کی قیمت بڑھ کر 391 روپے 52 پیسے فی لٹر ہوگئی ہے۔ دوسری جانب نئے نوٹیفکیشن کے مطابق پٹرول کی نئی قیمتوں کا اطلاق رات 12 بجے کے بعد 4 نومبر تک کے لیے ہوگا۔ مزید برآں پٹرول کی قیمت میں کمی سے عوام کو معمولی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کو عوام میں بھرپور پذیرائی، عالمی ادارے بھی معترف

اپنی چھت، اپنا گھر پورٹل پر 17 لاکھ سے زائد افراد نے انٹری

، دو لاکھ 25 ہزار سے زائد لون جاری 128718 گھر مکمل

لاہور (سی ایم لنکس) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے بے مثال اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام کو عوام میں بھرپور پذیرائی ملی حتیٰ کہ عالمی ادارے بھی معترف ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں اپنی چھت، اپنا گھر پراجیکٹ کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو بتایا گیا کہ اپنی چھت،

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعلیٰ پنجاب نے اپنی چھت اپنا گھر اسکیم کیلئے نئی درخواستیں طلب کرنے کی منظوری دیدی

بریفنگ میں وزیراعلی کو بتایا گیا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پورٹل پر 17 لاکھ سے زائد افراد رجسٹر ہوچکے ہیں، اسکیم کے تحت ایک لاکھ 28 ہزار 718 گھر مکمل کیے جاچکے ہیں

بریفنگ کے مطابق ایک لاکھ 71 ہزار 597 افراد کو اپنی چھت، اپنا گھر کے تحت قرضے کی دوسری قسط بھی مل گئی ہے جب کہ اپنی چھت، اپنا گھر اسکیم کے تحت 62 ہزار 600 گھر تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن ہیں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے اپنی چھت اپنا گھر اسکیم کیلئے نئی درخواستیں طلب کرنے کی منظوری دیدی۔ لاہور میں مریم نواز کی زیر صدارت اپنی چھت، اپنا گھر پروجیکٹ سے متعلق اہم اجلاس ہوا جس دوران وزیراعلی پنجاب نے اپنی چھت اپنا گھر کے لیے نئی درخواستیں طلب کرنے کی منظوری دی۔ بریفنگ میں وزیراعلی کو بتایا گیا کہ اپنی چھت، اپنا گھر پورٹل پر 17 لاکھ سے زائد افراد رجسٹر ہوچکے ہیں، اسکیم کے تحت ایک لاکھ 28 ہزار 718 گھر مکمل کیے جاچکے ہیں۔ بریفنگ کے مطابق

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعلی پنجاب نے وفاقی وزیر سالک چوہدری کو لیگل نوٹس بھجوادیا

اللہ غرور اور تکبر سے بچائے، بیان پر قائم ہوں، پنجاب میں کرپشن ہورہی ہے، میں نے سچائی سے جواب دیا، چوہدری سالک حسین

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلی پنجاب مریم نواز نے وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین کو الزامات لگانے پر ہرجانے کا نوٹس بھجوادیا۔ اس سے قبل اٹک میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز کا کہنا تھا کہ چوہدری سالک کے پاس ثبوت ہے تو سامنے لائیں ورنہ عدالت میں گھسیٹوں گی، آپ وفاقی وزیر ہیں، الزام نہ لگائیں، ثبوت

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بانی پی ٹی آئی خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج سے آگاہ تھے

سلمان صفدر نے بتایا، بیرسٹر گوہر

غیر سیاسی بہنوں کے جیل میں ہونے کو گناہ سمجھتا ہوں، میری گزارش پر نورین نیازی کو ایک دن زیادہ اسپتال میں رکھا گیا چیئرمین پی ٹی آئی

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 8 اپریل کے بعد پہلی ملاقات بیرسٹر سلمان صفدر کی ہوئی، یہ خوش آئند ہے، 380 دن کے بعد یہ ملاقات ہوئی، ملاقاتیں بند ہونیکی وجہ سے تنا ہے، قیدی کو 15 دن میں فیملی سے نہ ملوانا انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، ملاقاتیں ہوتیں تو بہتری آتی، کے پی میں ایمرجنسی اور گورنر راج

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امریکا کے ایرانی جزیرے قشم پر محدود حملے دفاعی کارروائی قرار دیدیا

قشم جزیرے پر یکے بعد دیگرے 5 زوردار دھماکے سنے گئے' ایران پر ان حملوں کا مقصد ایران کو آبنائے ہرمز میں بحری جہازوں پر حملوں سے روکنا ہے۔ امریکی حکام

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی اخبار وال سٹریٹ جرنل نے بھی انکشاف کیا ہے کہ امریکا نے ایک بار پھر ایران پر حملہ کردیا ہے۔ اخبار نے لکھا کہ امریکی حکام نے تصدیق کی ہے کہ امریکا نے ایران کے جزیرے قشم پر حملہ کیا ہے، یہ حالیہ ہفتوں کے دوران ایران کے خلاف واشنگٹن کی جانب سے غیر اعلانیہ طور پر کیے جانے والے محدود حملوں کے سلسلے کی تازہ کارروائی ہے۔ امریکی حکام نے مزید کہا ہے کہ ایران پر حملے دفاعی نوعیت کے ہیں، ان حملوں کا مقصد ایران کو آبنائے ہرمز میں بحری جہازوں پر حملوں سے روکنا ہے۔ قبل ازیں ایرانی میڈیا نے رپورٹ کیا تھا کہ ایران کے سٹریٹجک اہمیت کے حامل جزیرہ قشم اور آبنائے ہرمز کے اطراف میں شدید دھماکے ہوئے، قشم جزیرے پر یکے بعد دیگرے 5 زوردار دھماکے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایران امریکی سیکیورٹی نظام کو تبدیل کرنے کا خواہاں ہے: سربراہ ایرانی مسلح افواج

تہران (سی ایم لنکس) ایرانی مسلح افواج کے سربراہ علی عبدالٰلہی کا کہنا ہے کہ ایران امریکی

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تمام ایس ڈی پی اوز اپنے سرکلز میں پولیس کارکردگی کی باقاعدگی سے نگرانی کریں، ڈی پی او

ایس ایچ اوز اپنے علاقوں میں جرائم کی روک تھام، موثر پٹرولنگ اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائیں

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی زیر صدارت ڈی پی او آفس کے کانفرنس روم میں ضلع بھر کے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کی کرائم میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں جرائم کی مجموعی صورتحال، تمام ہیڈز آف کرائم پر کارکردگی، امن و امان کی صورتحال اور انسداد جرائم کے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ماہ اکتوبر 2026 میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن

213 مقدمات درج رجسٹرڈ کرکے 213 منشیات فروش گرفتار کیے

بہاولپور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی کمانڈ میں بہاولپور پولیس نے ماہ اکتوبر 2026 میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کیا، 213 مقدمات درج رجسٹرڈ کرکے 213 منشیات فروش گرفتار کیے۔ بھاری مقدار میں شراب و منشیات برآمد ہوئی۔ بہاولپور سے منشیات کے مکمل خاتمے تک کارروائیاں جاری

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

امریکی حملے کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ

لندن (سی ایم لنکس) ایران کے جزیرے قشم پر امریکی حملے کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ برینٹ

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سونے کی قیمت مستحکم، چاندی کے نرخ کم ہوگئے

کراچی (سی ایم لنکس) عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں سونے کی قیمت مستحکم جبکہ چاندی کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی۔ بین الاقوامی بلین

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی کھلی کچہری

شہریوں نے شرکت کرکے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش کیے

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور رانا عبدالوہاب کی جانب سے شہریوں کے مسائل کے فوری اور میرٹ پر حل کے لیے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آج منعقدہ کھلی کچہری میں 17 سے زائد شہریوں نے شرکت کر کے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او بہاولپور کے سامنے پیش

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈاکومنٹری اور ڈیجیٹل آرٹ کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا

تقریب کی صدارت کالج کے پرنسپل ڈاکٹر رانا محمد عمران ارشد نے کی

بہاول پور (پ ر) گورنمنٹ ایس ای گریجویٹ کالج بہاولپور میں ''پرعزم اور پر اعتماد پاکستان'' پروگرام کے تحت ڈاکومنٹری اور ڈیجیٹل آرٹ کے مقابلوں کا انعقاد کیا گیا، جس میں طلباء نے اپنی تخلیقی، فنی اور فکری صلاحیتوں کا اظہار کرتے ہوئے وطن عزیز سے وابستگی اور قومی ترقی کے حوالے سے اپنے خیالات پیش کیے۔ تقریب کی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان نے چاول برآمدات میں ویتنام کو پیچھے چھوڑ کر تیسری پوزیشن حاصل کرلی

اسلام آباد (سی ایم لنکس) خلیجی خطے میں کشیدگی اور عالمی بحری راستوں کی رکاوٹوں کے

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اکتوبر میں سیمنٹ کی مقامی فروخت بڑھ گئی، برآمدات میں کمی ریکارڈ

کراچی (سی ایم لنکس) رواں مالی سال کے پہلے 4 ماہ میں سیمنٹ کی مجموعی فروخت میں 2.93 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ آل

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر کا گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول انگلش میڈیم بٹھہ نمبر 1 کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے طالبات کے عملی تجربات کے ذریعے سیکھنے کے رجحان پر اطمینان کا اظہار کیا

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول انگلش میڈیم بٹھہ نمبر 1 کا دورہ کیا اور سٹیم (STEAM) مقابلے کے لیے طالبات کی جانب سے تیار کردہ سائنسی ماڈلز اور تخلیقی پراجیکٹس کا معائنہ کیا۔ انہوں نے طالبات کی صلاحیتوں، تخلیقی سوچ اور سائنسی سرگرمیوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور ان کی

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شمالی یورپ کے ممالک کے ساتھ پاکستان کی دوطرفہ تجارت میں 17.6 فیصد اضافہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ڈنمارک، فن لینڈ، ناروے، سویڈن، برطانیہ اور شمالی یورپ کے دیگر ممالک کے ساتھ پاکستان کی دوطرفہ تجارت کے حجم میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کا مریم نواز ہیلتھ کلینک ماڑی شیخ شجرہ کا دورہ

طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔

بہاول پور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا نے مریم نواز ہیلتھ کلینک ماڑی شیخ شجرہ کا دورہ کیا اور وہاں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی اور انتظامی امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر ذیشان رؤف بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کلینک میں دستیاب ادویات کے اسٹاک، معیار اور ایکسپائری تاریخوں کی جانچ پڑتال کی، جبکہ ادویات کو محفوظ رکھنے کے لیے فریزر اور کولڈ چین سسٹم کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام ادویات مقررہ درجہ حرارت پر

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایک بیٹی کا خواب ایک خطے کا فخر

تحریر: ڈاکٹر محمد حامد نواز خان ایگریکلچر ایکسٹینشن ایجوکیشنسٹ سماجی کارکن سینئر فیکلٹی ممبر دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور



احمد پور شرقیہ کی درس گاہ سے گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاولپور کی وائس چانسلر شپ تک: عزم، علم، بصیرت اور قیادت کے دو سال

پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم کو بطور وائس چانسلر دو سال مکمل ہونے پر خراج تحسین

کچھ سفر محض ذاتی کامیابی کی داستان نہیں ہوتے بلکہ آنے والی نسلوں کے لیے امید حوصلے اور امکانات کی نئی تاریخ رقم کرتے ہیں کچھ شخصیات صرف عہدوں پر فائز نہیں ہوتیں بلکہ اپنی جدوجہد علم فکری پختگی بصیرت اور کردار سے معاشرے کے روایتی تصورات کو نئے معنی عطا کرتی ہیں وہ اپنی زندگی سے یہ ثابت کرتی ہیں کہ کامیابی کا تعلق جنس خاندانی پس منظر یا جغرافیائی حدود سے نہیں بلکہ علم مسلسل محنت عزم خود اعتمادی اور مقصد سے وابستگی سے ہوتا ہے پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم کا سفر بھی ایسی ہی ایک متاثر کن داستان ہے ایک ایسی بیٹی کا سفر جو احمد پور شرقیہ کی ابتدائی تعلیمی زندگی سے علم و تحقیق کے مختلف مراحل طے کرتی ہوئی گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاولپور کی وائس چانسلر کے منصب تک پہنچی ان کی زندگی کا یہ سفر محض ایک فرد کی پیشہ ورانہ کامیابی نہیں بلکہ جنوبی پنجاب کی ہر اس بیٹی کے لیے امید کا پیغام ہے جو اپنی آنکھوں میں بڑے خواب سجائے علم کی روشنی میں اپنا مستقبل تلاش کر رہی ہے بطور وائس چانسلر دو سال مکمل ہونا صرف ایک انتظامی مدت کی تکمیل نہیں بلکہ ان کے علمی فکری اور قیادتی سفر پر غور کرنے خواتین کی اعلی تعلیم کے مستقبل کا جائزہ لینے اور ادارے کے لیے نئے امکانات کی نشاندہی کرنے کا ایک اہم موقع ہے یہ لمحہ اس حقیقت کو اجاگر کرنے کا بھی تقاضا کرتا ہے کہ ایک بیٹی جب علم شعور حوصلے اور مواقع سے آراستہ ہوتی ہے تو اس کی کامیابی صرف اس کے خاندان تک محدود نہیں رہتی بلکہ پورے معاشرے خطے اور قوم کے لیے باعث افتخار بن جاتی ہے قرآن کا پیغام علم کردار اور انسانی فضیلت میں عورت کا مقام اسلام نے عورت کو عزت وقار شناخت تعلیم اور معاشرتی کردار کا جو تصور دیا وہ انسانی تاریخ میں ایک اہم فکری و اخلاقی بنیاد کی حیثیت رکھتا ہے قرآن مجید نے علم اور اہل علم کی فضیلت کو واضح کرتے ہوئے ارشاد فرمایا

یہ دعا صرف مرد یا عورت کے لیے مخصوص نہیں بلکہ ہر طالب علم معلم محقق اور صاحب فکر کے لیے علم کے مسلسل حصول کا پیغام ہے اسی طرح قرآن مجید میں ارشاد ہے ہل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون ترجمہ: کیا علم رکھنے والے اور علم نہ رکھنے والے برابر ہوسکتے ہیں؟) سورۃ الزمر: (9 قرآن مجید نے نیکی ایمان اور عمل صالح کے میدان میں مرد و عورت دونوں کو یکساں انسانی قدر و منزلت عطا کرتے ہوئے فرمایا من عمل صالحا من ذکر او انثی وھو مومن فلنحیینہ حیاۃ طیبۃ

ترجمہ: جو کوئی نیک عمل کرے خواہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ وہ مومن ہو، ہم اسے پاکیزہ زندگی عطا کریں گے۔) سورۃ النحل: (97 یہ قرآنی تعلیم اس حقیقت کی طرف رہنمائی کرتی ہے کہ انسان کی فضیلت اس کے کردار عمل تقوی اور صلاحیت سے متعین ہوتی ہے نہ کہ اس کی جنس سے چنانچہ بیٹیوں کی تعلیم تربیت علمی ترقی اور قیادت کے مواقع فراہم کرنا ایک مہذب باشعور اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے ایک طالبہ سے وائس چانسلر تک خواب سے تعبیر کا سفر

ڈاکٹر شازیہ انجم کے سفر کا سب سے متاثر کن پہلو ان کی ابتدائی تعلیمی زندگی سے یونیورسٹی کی اعلی ترین انتظامی و علمی ذمہ داری تک پہنچنے کا سفر ہے ایک اسکول کی طالبہ کے ذہن میں جنم لینے والا خواب جب مسلسل تعلیم محنت تحقیق، فکری بالیدگی اور پیشہ ورانہ استقامت کے ذریعے عملی حقیقت بنتا ہے تو وہ دوسروں کے لیے بھی راستے روشن کرتا ہے

احمد پور شرقیہ جیسے تاریخی اور تہذیبی پس منظر رکھنے والے علاقے سے تعلق رکھنے والی ایک بیٹی کا خواتین کی جامعہ کی قیادت تک پہنچنا اس خطے کی طالبات کے لیے ایک معنی خیز مثال ہے یہ سفر والدین کو بھی دعوت فکر دیتا ہے کہ وہ اپنی بیٹیوں کی تعلیم کو محض رسمی ضرورت نہیں بلکہ خاندان معاشرے اور قوم کے مستقبل میں سرمایہ کاری سمجھیں یہی وہ پیغام ہے جسے ہمیں اپنے تعلیمی اداروں گھروں اور معاشرتی رویوں کا حصہ بنانا چاہیے کہ بیٹی کو خواب دیکھنے سوال کرنے تحقیق کرنے فیصلہ سازی میں شریک ہونے اور قیادت کرنے کا پورا حق اور موقع ملنا چاہیے علامہ اقبال کا تصور خودی اور عورت کی تخلیقی قوت علامہ محمد اقبال نے فرد کی خودی خود اعتمادی کردار بلند ہمتی اور تخلیقی صلاحیت کو انسانی ارتقا کی بنیاد قرار دیا اقبال کے نزدیک قوموں کی تعمیر محض اداروں سے نہیں بلکہ ان افراد سے ہوتی ہے جن کے اندر بلند مقصد خودی عمل اور یقین کی قوت موجود ہو

اقبال نے مسلمان خواتین کی عظمت اور قومی کردار کو بھی خصوصی اہمیت دی ان کی شاعری میں حضرت فاطمہ الزہرا کی شخصیت کو ایک مثالی کردار کے طور پر پیش کیا گیا ہے وہ فرماتے ہیں مریم از یک نسبت عیسی عزیز از سہ نسبت حضرت زہرا عزیز

یعنی حضرت مریم کو حضرت عیسی سے نسبت نے عظمت عطا کی جبکہ حضرت فاطمہ الزہرا کو کئی عظیم نسبتوں اور اوصاف نے ممتاز مقام عطا کیا اقبال نے عورت کی تربیتی اور تہذیبی اہمیت کو ان الفاظ میں بیان کیا وجود زن سے ہے تصویر کائنات میں رنگ

اسی کے ساز سے ہے زندگی کا سوز دروں

یہ شعر عورت کے وجود کو انسانی زندگی تہذیب خاندان اور معاشرتی تشکیل کے بنیادی عناصر میں شمار کرتا ہے عورت صرف خاندان کی تشکیل کا ذریعہ نہیں بلکہ علم فکر تربیت سماجی شعور اور قومی کردار کی تعمیر میں بھی مرکزی حیثیت رکھتی ہے اقبال کا پیغام یہ ہے کہ عورت کو اس کی فطری صلاحیتوں علمی استعداد اور تخلیقی قوت کے اظہار کے لیے سازگار ماحول فراہم کیا جائے ایک تعلیم یافتہ عورت صرف اپنی ذات کو نہیں سنوارتی بلکہ آنے والی نسلوں کی فکر کردار اور علمی سمت کی تشکیل میں بھی حصہ لیتی ہے قیادت کا حقیقی معیار منصب نہیں وژن اور کردار

قیادت صرف اختیار عہدے یا انتظامی فیصلوں کا نام نہیں حقیقی قیادت وہ ہے جو مشکلات میں راستہ دکھائے محدود وسائل میں امکانات تلاش کرے ادارے میں اعتماد پیدا کرے اور لوگوں کو ایک مشترکہ مقصد کے لیے متحرک کرے ڈاکٹر شازیہ انجم کی وائس چانسلر شپ کے دو سال اس حوالے سے ایک موقع فراہم کرتے ہیں کہ خواتین کی اعلی تعلیم کے بدلتے تقاضوں ادارہ جاتی ترقی اور جنوبی پنجاب کی سماجی و معاشی ضروریات کے تناظر میں ان کے قیادتی کردار اور مستقبل کے امکانات پر گفتگو کی جائے ایک جامعہ کی اصل پہچان صرف اس کی عمارتوں ڈگری پروگراموں یا انتظامی ڈھانچے سے نہیں بنتی بلکہ اس کے علمی ماحول تحقیقی سرگرمیوں اساتذہ کی پیشہ ورانہ ترقی طالبات کی صلاحیتوں اور معاشرے کے ساتھ اس کے روابط سے تشکیل پاتی ہے

ایک وائس چانسلر کے لیے ضروری ہے کہ وہ علمی معیار تحقیق جدت شفافیت انتظامی حکمت عملی اور انسانی وسائل کی ترقی کے درمیان توازن قائم رکھے اس کے لیے فکری پختگی معاملہ فہمی دانش مندی حوصلہ اور مشکل حالات میں ثابت قدم رہنے کی صلاحیت بنیادی اہمیت رکھتی ہے ذہانت دانش مندی اور مضبوط اعصاب قیادت کی اصل قوت علمی قابلیت انسان کو سوچنے کا سلیقہ دیتی ہے دانش مندی اسے درست سمت میں فیصلے کرنے کی صلاحیت عطا کرتی ہے اور مضبوط اعصاب اسے مشکلات کے سامنے ثابت قدم رکھتے ہیں تعلیمی قیادت میں ان تینوں عناصر کی اہمیت دو چند ہوجاتی ہے

یونیورسٹی کی سربراہی محض دفتری امور کی نگرانی نہیں بلکہ مختلف علمی انتظامی مالیاتی سماجی اور انسانی تقاضوں کے درمیان توازن قائم کرنے کا نام ہے اس کے لیے ضروری ہے کہ قیادت تنقید کو سنے اختلاف رائے کو علمی ترقی کا ذریعہ سمجھے اجتماعی مشاورت کو اہمیت دے اور ادارے کے طویل المدتی مفاد کو ترجیح دے ڈاکٹر شازیہ انجم کے سفر کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کی فکری صلاحیت علمی وابستگی حکمت عملی اور ثابت قدمی کو خواتین کے لیے ایک حوصلہ افزا پیغام کے طور پر دیکھا جاسکتا ہے۔ کسی بھی قیادت کی پائیدار کامیابی کا اصل پیمانہ یہ ہوگا کہ اس کے دور میں ادارے کا علمی تشخص تحقیقی معیار انتظامی نظام اور طالبات کے لیے مواقع کس حد تک مضبوط ہوئے خواتین کی خودمختاری ڈگری سے فیصلہ سازی اور معاشی آزادی تک خواتین کی جامعہ کی ذمہ داری صرف ڈگریاں تقسیم کرنا نہیں بلکہ ایسی خود اعتماد باصلاحیت باوقار اور معاشی طور پر خودمختار خواتین تیار کرنا ہے جو زندگی کے مختلف شعبوں میں قائدانہ کردار ادا کر سکیں جنوبی پنجاب میں خواتین کے لیے اعلی تعلیم کے ساتھ مالی خواندگی ڈیجیٹل مہارتوں کاروباری تربیت قیادت تحقیق روزگار اور خود روزگاری کے مواقع پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے اس مقصد کے لیے کاروباری اداروں مالیاتی اداروں کمرشل بینکوں مائیکروفنانس اداروں سرکاری محکموں اور نجی شعبے کے ساتھ اشتراک کو فروغ دیا جاسکتا ہے خواتین کی انٹرپرینیورشپ ڈیجیٹل مارکیٹنگ ای کامرس فری لانسنگ فوڈ پروسیسنگ ماحول دوست کاروبار اور مقامی وسائل پر مبنی چھوٹے کاروبار طالبات کے لیے نئے امکانات پیدا کرسکتے ہیں اسی طرح زراعت لائیو اسٹاک ماحولیات فوڈ سیکیورٹی موسمیاتی تبدیلی اور دیہی ترقی جیسے موضوعات کو موجودہ تعلیمی شعبوں کے ساتھ بین الشعبہ جاتی انداز میں منسلک کیا جاسکتا ہے اس سے طالبات کو جدید معاشی اور سماجی مسائل کو سمجھنے اور ان کے حل میں عملی کردار ادا کرنے کا موقع ملے گا نئے کیمپس اور ادارہ جاتی ترقی امکانات کا نیا افق

نئے کیمپس کا قیام اور وہاں تدریسی سرگرمیوں کا آغاز اعلی تعلیم تک رسائی بڑھانے کے حوالے سے اہم امکانات فراہم کرتا ہے تاہم اس پیش رفت کی پائیدار کامیابی کا انحصار معیاری تدریس قابل اساتذہ جدید تحقیقی سہولیات ڈیجیٹل انفراسٹرکچر طالبات کی رہنمائی اور پیشہ ورانہ دنیا سے روابط پر ہوگا ضرورت اس بات کی ہے کہ جامعہ کو محض ایک تعلیمی ادارہ نہیں بلکہ تحقیق جدت کاروباری تربیت سماجی خدمت اور علاقائی ترقی کا مرکز بنایا جائے اساتذہ کی پیشہ ورانہ ترقی مشترکہ تحقیقی منصوبے دیگر جامعات کے ساتھ علمی تعاون انٹرن شپ کیریئر کونسلنگ اور کمیونٹی انگیجمنٹ مستقبل کی اہم ترجیحات ہونی چاہئیں حدیث نبوی ﷺ: بیٹیوں کی تربیت اور عزت کا مقام رسول اللہ ﷺ نے بیٹیوں کی پرورش اور ان کے ساتھ حسن سلوک کی عظمت کو واضح فرمایا

صحیح مسلم کی روایت کے مطابق رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص دو لڑکیوں کی پرورش کرے یہاں تک کہ وہ بالغ ہو جائیں تو قیامت کے دن وہ میرے ساتھ اس طرح ہوگا اور آپ ﷺ نے اپنی انگلیوں کو ملا کر دکھایا) صحیح مسلم کتاب البر والصل (

یہ تعلیم بیٹیوں کی پرورش عزت محبت تربیت اور ذمہ داری کو غیر معمولی اہمیت عطا کرتی ہے بیٹیوں کو تعلیم سے محروم رکھنا ان کی صلاحیتوں کو محدود کرنا یا انہیں ترقی کے مواقع سے دور رکھنا اس عظیم تربیتی تصور کی روح کے منافی ہے اسی طرح علم کے حصول کی فضیلت سے متعلق رسول اللہ ﷺ کی معروف حدیث ہے

من سلک طریقا یلتمس فیہ علما سہل اللہ لہ بہ طریقا الی الجنۃ

ترجمہ جو شخص علم حاصل کرنے کے راستے پر چلتا ہے اللہ تعالی اس کے لیے جنت کا راستہ آسان فرما دیتا ہے یہ پیغام مرد و عورت دونوں کے لیے علم کی اہمیت اس کی طلب اور اس کے حصول کی فضیلت کو اجاگر کرتا ہے احمد پور شرقیہ اور جنوبی پنجاب کا فخر

کچھ کامیابیاں انفرادی نہیں رہتیں بلکہ پورے علاقے کی اجتماعی خوشی اور شناخت بن جاتی ہیں ڈاکٹر شازیہ انجم کا تعلیمی سفر احمد پور شرقیہ بہاولپور اور وسیع تر جنوبی پنجاب کی ان بیٹیوں کے لیے ایک حوصلہ افزا مثال ہے جو اپنی علمی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اعلی مناصب تک پہنچنے کا خواب دیکھتی ہیں یہ خطہ صلاحیتوں سے مالا مال ہے یہاں کی طالبات میں ذہانت تخلیقی سوچ محنت اور قیادت کی بھرپور استعداد موجود ہے ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ انہیں معیاری تعلیم محفوظ تعلیمی ماحول تحقیق کے مواقع معاشی رہنمائی اور سماجی اعتماد فراہم کیا جائے احمد پور شرقیہ کے لیے یہ ایک باعث مسرت پہلو ہے کہ اسی خطے سے تعلق رکھنے والی ایک بیٹی خواتین کی اعلی تعلیم کے ایک اہم ادارے کی قیادت کر رہی ہے اس کا سفر والدین اساتذہ اور طالبات کے لیے یہ پیغام رکھتا ہے کہ کسی بھی بیٹی کے خوابوں کی حد اس کا آبائی شہر یا معاشرتی حالات نہیں بلکہ اس کا عزم، علم اور جدوجہد متعین کرتے ہیں

دو سالہ سفر سے مستقبل کے وژن تک دو سال مکمل ہونے کے اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر شازیہ انجم کو دلی مبارکباد اور خراج تحسین پیش کرتے ہوئے دعا ہے کہ ان کا آئندہ سفر مزید علمی کامیابیوں تحقیقی ترقی ادارہ جاتی استحکام خواتین کی خودمختاری اور جنوبی پنجاب کی تعلیمی ترقی کا ذریعہ بنے



ضرورت اس امر کی ہے کہ گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاولپور ایک ایسے جامع تعلیمی وژن کو آگے بڑھائے جہاں طالبات صرف ڈگری حاصل کرنے والی نہیں بلکہ علم پیدا کرنے والی تحقیق کرنے والی مسائل حل کرنے والی کاروبار شروع کرنے والی اور معاشرتی تبدیلی کی قیادت کرنے والی شخصیات بنیں اقبال کے اس پیغام کو بھی پیش نظر رکھنا چاہیے افراد کے ہاتھوں میں ہے اقوام کی تقدیر ہر فرد ہے ملت کے مقدر کا ستارہ یہ شعر ہمیں یاد دلاتا ہے کہ قوموں کی تعمیر میں ہر فرد کی صلاحیت اہم ہے اور خواتین کو ان کی علمی و عملی صلاحیتوں کے اظہار کے مواقع فراہم کیے بغیر قومی ترقی کا خواب مکمل نہیں ہوسکتا ڈاکٹر شازیہ انجم کا سفر ہمیں یہ سوچنے کی دعوت دیتا ہے کہ ایک بیٹی کی تعلیم صرف اس کی ذات کی ترقی نہیں بلکہ ایک خاندان کی فکری تربیت ایک معاشرے کی سماجی تبدیلی اور ایک قوم کے روشن مستقبل کی بنیاد بن سکتی ہے احمد پور شرقیہ کی ایک طالبہ سے گورنمنٹ صادق کالج ویمن یونیورسٹی بہاولپور کی وائس چانسلر تک کا یہ سفر جنوبی پنجاب کی بیٹیوں کے لیے ایک پیغام امید ہے یہ سفر اس یقین کو مضبوط کرتا ہے کہ جب بیٹیوں کو تعلیم اعتماد اور مواقع دیے جاتے ہیں تو وہ اپنی صلاحیتوں سے تاریخ کے نئے باب رقم کرسکتی ہیں آپ کا سفر ایک بیٹی کے خواب کی تعبیر ایک ماں باپ کی امید کی تکمیل اور جنوبی پنجاب کی بیٹیوں کے لیے امکانات کا روشن استعارہ ہے دو سالہ قیادت کی تکمیل پر دلی مبارکباد احمد پور شرقیہ کو اپنی بیٹی پر فخر ہے بہاولپور کو اپنی علمی قیادت پر ناز ہے اور جنوبی پنجاب کو اپنی باصلاحیت خواتین کے روشن مستقبل سے امید ہے بیٹی کو تعلیم دو اسے اعتماد دو اسے آگے بڑھنے کا موقع دو کیونکہ بیٹی صرف گھر کی رونق نہیں، قوم کے مستقبل کی معمار بھی ہے تاریخ صرف عہدوں پر فائز ہونے والوں کو یاد نہیں رکھتی بلکہ ان شخصیات کو بھی یاد رکھتی ہے جو اپنے بعد آنے والی نسلوں کے لیے نئے راستے کھول جاتی ہیں وہ صرف ایک یونیورسٹی کی وائس چانسلر نہیں بلکہ ہر اس بیٹی کے خواب کی علامت ہیں جو علم کے ذریعے اپنی تقدیر خود لکھنا چاہتی ہے علم کردار اور خودی سے روشن ہو ہر بیٹی کا مقدر

☆☆☆☆
☆☆☆☆☆
☆☆☆☆☆☆☆☆



ایک دام

نشاط نیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802– میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی، یامین، زین جی، اپ ٹائم، رواج، کرینٹ، کراؤن، پوری، نارکنز لیڈیز ورائٹی، بن الیاس، ایڈن روب، رنگ رسیہ، ایمان عدیل، علیزے، زل بری، شنائیل، میرین کلاسک، بن وحید، بن سعید، پیری ڈوٹ، موٹفز، شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد..... ہمارا معیار

نشاط آوٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلو کلب

مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی

زارا | نائیک | پولو

فورکڈز | بیس | بینگو

کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے

پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل : محمد اسماعیل فاروقی

ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی

بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد

نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.C.S. | FA(IT)

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل وڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز

نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787



بہاولپور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا شاہدرہ فیملی پارک میں کرکٹ اسپورٹس ارینا کے قیام کا افتتاح کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب سنگ بنیاد رکھنے کے بعد دعا مانگ رہے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ کا حیدر اسٹیڈیم بہاولنگر کا دورہ

،مرمت و بحالی کے کام فوری شروع کرنے کی ہدایت

بہاولنگر (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر سید محمد عباس شاہ نے حیدر اسٹیڈیم بہاولنگر کا تفصیلی دورہ کیا اور اسٹیڈیم کی عمارت، کھیلوں کے میدان اور کھلاڑیوں کو دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے اسٹیڈیم کی موجودہ صورتحال کا معائنہ کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مرمت و بحالی کے تمام ضروری کام فوری طور پر شروع کیے جائیں اور انہیں مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اسٹیڈیم میں دستیاب سہولیات کو مزید بہتر بنایا جائے تاکہ کھلاڑیوں کو کھیلوں کی سرگرمیوں کے لیے موزوں ماحول فراہم کیا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید ہدایت کی کہ اسٹیڈیم کی بہتری اور بحالی کے کاموں میں معیار کو یقینی بنایا جائے اور تمام امور کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ شہریوں اور نوجوان کھلاڑیوں کو بہتر کھیلوں کی سہولیات میسر آسکیں۔



وزیر بلدیات ذیشان رفیق اینٹی سموگ گن چلا کر چمکتا لاہور صفائی مہم کا افتتاح کر رہے ہیں، وزیر اعلیٰ کے معاون خصوصی شعیب مرزا بھی ساتھ ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب کے پولیو سے پاک پنجاب وژن پر عملدرآمد جاری

ڈی سی لاہور کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے پہلے دن کا جائزہ اجلاس

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے پولیو سے پاک پنجاب وژن پر عملدرآمد جاری۔ ڈی سی لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے پہلے دن کا جائزہ اجلاس، مہم کی سو فیصد کوریج یقینی بنانے کی ہدایت۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے پولیو سے پاک پنجاب وژن پر عملدرآمد کے تحت ڈی سی لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز کی زیر صدارت انسداد پولیو مہم کے پہلے دن کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اے ڈی سی میونسپل سروسز عبداللہ خان، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر آصف ارباب خان، تمام اسسٹنٹ کمشنرز، تمام ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنرز، ڈی ڈی ایچ اوز اور یو سی ایم اوز نے شرکت کی۔ سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر آصف ارباب خان نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ مہم کے پہلے روز 456,308 بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے گئے جبکہ 295,151 گھروں تک پولیو ٹیموں کی رسائی ہوئی۔ ڈی سی لاہور نے ہدایت کی کہ گھروں پر غیر موجود بچوں کو دوبارہ گھروں میں جا کر پولیو کے قطرے پلائے جائیں، انکاری والدین کے تحفظات دور کر کے ویکسینیشن مکمل کی جائے اور مہم کے دوران پولیو ویکسین کی کولڈ چین کو برقرار رکھا جائے۔ ڈی سی لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے کہا کہ انسداد پولیو کی کامیابی ہماری قومی ذمہ داری ہے اور وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق پولیو کا خاتمہ یقینی بنائیں گے۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ پولیو ٹیموں سے تعاون کریں اور بچوں کو قطرے ضرور پلوائیں۔



بہاولپور: پرنسپل گورنمنٹ ایس ای گریجویٹ کالج ڈاکٹر رانا محمد ارشد پرعزم اور پراعتماد پاکستان پروگرام کے تحت ڈیجیٹل آرٹ کے مقابلہ کے ونر کو سند اعزاز دے رہے ہیں۔

ایران مذاکرات کے لیے تیار ہے،

لیکن دشمنوں کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالے گا، صدر مسعود پزشکیان

تہران (سی ایم لنکس) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ان کی حکومت دشمنوں کی جانب سے پیدا کیے گئے مسائل حل کرنے کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کا راستہ اختیار کرے گی، تاہم ایران کسی کے دباؤ میں آکر ہتھیار نہیں ڈالے گا۔ ایرانی صدر کے دفتر کے مطابق مسعود پزشکیان نے تہران میں ملک کے گورنروں اور میئرز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے حکومت کو سفارتی ذرائع سے مسائل حل کرنے کے لیے بعض اختیارات دیے ہیں۔ چینی خبر رساں ایجنسی شنہوا کے مطابق پزشکیان نے کہا کہ جنگ کسی کے مفاد میں نہیں، لیکن دشمن ایران کو ہتھیار ڈالنے پر مجبور نہیں کر سکیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت مسائل کے حل کے لیے بات چیت کی کوششیں جاری رکھے گی۔ ایرانی صدر نے امریکا پر الزام عائد کیا کہ وہ ایران اور اس کے پڑوسی ممالک کے درمیان سرحد پار تجارت میں خلل ڈالنے کی کوشش کر رہا ہے۔ پزشکیان نے کہا کہ حکومت عوام کے تعاون اور ساتھ سے دشمنوں کی اس مبینہ سازش کو ناکام بنائے گی۔ ان کے مطابق عوامی یکجہتی اور تعاون ملک کو درپیش مشکلات سے نمٹنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ایرانی صدر کا یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب تہران ایک طرف سفارتی ذرائع سے مسائل حل کرنے کی بات کر رہا ہے، جبکہ دوسری جانب امریکا کے ساتھ کشیدگی اور علاقائی تنازعات کے حوالے سے سخت مؤقف بھی برقرار رکھے ہوئے ہے۔

☆☆☆☆

آئی ایم ایف کا شارٹ فال پر اظہار تشویش، ہنگامی ٹیکس اقدامات کی تجویز

موجودہ ٹیکس محاصل کو ناکافی قرار دیتے ہوئے ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) آئی ایم ایف نے ٹیکس ریونیو میں کمی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے شارٹ فال پورا کرنے کے لیے ہنگامی ٹیکس اقدامات کی تجویز دے دی ہے۔ ذرائع کے مطابق عالمی مالیاتی ادارے نے اکتوبر میں 129 ارب روپے اور 4 ماہ کے دوران 96 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال پر تشویش ظاہر کی ہے۔ آئی ایم ایف نے 15 ہزار 264 ارب روپے کا سالانہ ٹیکس وصولی کا ہدف پورا کرنے پر زور دیا ہے، جبکہ موجودہ ٹیکس محاصل کو ناکافی قرار دیتے ہوئے ٹیکس ٹو جی ڈی پی کی شرح بڑھانے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایف بی آر ذرائع کا کہنا ہے کہ اگر ٹیکس شارٹ فال میں مزید اضافہ ہوا تو عوام پر نئے ٹیکس عائد کرنے یا سرکاری اخراجات میں کٹوتی کا آپشن زیر غور آسکتا ہے۔ اگلے اقتصادی جائزوں میں ٹیکس وصولی سے متعلق شرائط مزید سخت ہونے کا امکان ہے، جبکہ اہداف پورے نہ ہونے کی صورت میں ہنگامی ٹیکس اقدامات پر بات چیت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق وفاقی اور صوبائی سطح پر جنرل سیلز ٹیکس کی مد میں محاصل بڑھانا ضروری قرار دیا گیا ہے۔ آئی ایم ایف اگلے مالی سال کے لیے ریونیو سے متعلق شرائط مزید سخت کر سکتا ہے، جبکہ نئے بجٹ سے پہلے ریٹیل، ہول سیل اور زرعی شعبے سے ٹیکس وصولی میں پیشرفت کی تجویز دی گئی ہے۔ آئی ایم ایف نے پروفیشنلز سمیت ٹیکس نیٹ سے باہر تمام شعبوں کو ٹیکس دائرے میں لانے پر بھی زور دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق 7 ارب ڈالر کے قرض پروگرام کے تحت طے شدہ شرائط پوری کرنا لازمی ہے۔



بقیہ نمبر 01

میں تکنیکی مہارت، جدت اور مقامی سطح پر جدید دفاعی ٹیکنالوجی کی تیاری کا مظہر ہے۔ اس کامیابی کو قومی ایرو اسپیس اور دفاعی صلاحیتوں کے فروغ میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 02

ریلیف ملے گا، تاہم ٹرانسپورٹ کے کرایوں اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی کا کوئی امکان نہیں۔

بقیہ نمبر 03

اپنا گھر پورٹل پر 17 لاکھ سے زائد افراد نے انٹری کی۔ اپنی چھت، اپنا گھر سکیم کے تحت دو لاکھ 25 ہزار سے زائد لون جاری کیا گیا جس میں سے 128718 گھر مکمل ہو چکے ہیں۔ 171597 افراد کو اپنی چھت، اپنا گھر کے تحت قرضے کی دوسری قسط بھی مل گئی۔ اپنی چھت، اپنا گھر سکیم کے تحت 62600 گھر تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن ہیں۔ بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ اپنی چھت، اپنا گھر سکیم میں قرضوں کی ادائیگی میں ریکارڈ 97.6 فیصد وصولی ہوئی۔ 22.29 ارب روپے کے قرضوں کی اقساط وصول ہوگئیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنی چھت اپنا گھر کے لئے نئی درخواستیں طلب کرنے کی منظوری دے دی۔ ''اپنی چھت، محفوظ چھت'' سکیم کے تحت درخواست وصولی کا عمل مکمل کر لیا گیا۔ 3055 درخواست دہندگان کو اپنی چھت محفوظ چھت کے لئے ایک ارب 21 کروڑ 60 لاکھ کے لون مل گئے۔ اپنی چھت محفوظ چھت کے تحت 532 گھر کی تعمیر و توسیع مکمل کی گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اپنی چھت، اپنا گھر سکیم کی تکمیل کے اہداف مکمل کرنے کا بھی حکم دیا۔

بقیہ نمبر 04

ایک لاکھ 71 ہزار 597 افراد کو اپنی چھت، اپنا گھر کے تحت قرضے کی دوسری قسط بھی مل گئی ہے جب کہ اپنی چھت، اپنا گھر اسکیم کے تحت 62 ہزار 600 گھر تیزی سے تکمیل کی جانب گامزن ہیں۔ اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ 22.29 ارب روپے کے قرضوں کی اقساط وصول ہوگئی ہیں، درخواست دہندگان کو ایک ارب 21 کروڑ 60 لاکھ کا قرضہ مل گئے۔

بقیہ نمبر 05

کی نوبت نہ آئی۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ بانی پی ٹی آئی سے ہونے والی یہ ملاقات ہماری بھی ضرورت تھی، ملاقات میں بانی پی ٹی آئی سے زیادہ سیاسی بات نہیں ہوئی، سلمان صفدر کوئی ایسی بات نہیں لے کر آئے جس سے سیاسی خبر بنے، سلمان صفدر نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی ایمرجنسی اور گورنر راج سے آگاہ تھے، بانی پی ٹی آئی نے ایسا نہیں کہا کہ اچھا ہوا کے پی حکومت ختم ہوگئی۔ ان کا کہنا تھا کہ کے پی کے تمام ممبران بانی پی ٹی آئی کے ساتھ ہیں، کوئی فارورڈ بلاک نہیں، اگر ایسی صورتحال آجاتی ہے تو یہ فیصلہ بانی پی ٹی آئی کریں گے، ہم نے سوشل میڈیا پر کبھی ریاست مخالف بیانیکو سپورٹ نہیں کیا، ہم برملا کہتے ہیں:۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کی اپنی جماعت اور سیاست ہے، میں نے کہا تھا مولانا فضل الرحمان کچھ الفاظ نہ بولتے تو مناسب تھا، حکومتی نمائندوں نے اس پر جس طریقے سے جواب دیا وہ بھی نامناسب ہے۔

بقیہ نمبر 06

گیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او بہاولپور نے افسران کو ہدایات جاری کیں کہ جرائم کے موثر تدارک کے لیے جامع حکمت عملی اپنائی جائے، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائیاں تیز کی جائیں اور اشتہاری مجرمان و عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں۔ حساس مقامات، اہم تنصیبات اور عوامی مقامات کی سکیورٹی مزید موثر بنانے کے ساتھ پولیس گشت اور ناکہ بندی کے نظام کو بھی فعال بنایا جائے۔ ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے ہدایت کی کہ تمام ایس ڈی پی اوز اپنے سرکلز میں پولیس کارکردگی کی باقاعدگی سے نگرانی کریں جبکہ ایس ایچ اوز اپنے علاقوں میں جرائم کی روک تھام، موثر پٹرولنگ اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔ فرائض میں غفلت، ناقص کارکردگی اور قانون پر عمل درآمد میں کوتاہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈی پی او بہاولپور نے مزید کہا کہ شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا، جرائم پیشہ عناصر کا خاتمہ اور قانون کی بالادستی یقینی بنانا پولیس کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ تمام افسران پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے عوامی خدمت اور موثر پولیسنگ کو مزید بہتر بنائیں۔

بقیہ نمبر 07

سکیورٹی نظام کو تبدیل کرنے کا خواہاں ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ ایران آبنائے ہرمز پر اپنی خود مختاری تسلیم کروانا چاہتا ہے۔ علی عبدالٰہی کا کہنا ہے کہ خطے میں پائیدار امن کے لیے لبنان اور غزہ سمیت تمام محاذوں پر جنگ کا خاتمہ ضروری ہے، خطے میں پائیدار امن کے لیے ایران کے 5 اصولوں میں ان جنگ کا خاتمہ شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ اصولوں میں تمام پابندیوں کا مکمل خاتمہ اور منجمد اثاثوں کی واپسی بھی شامل ہے، اصولوں میں جنگی ہرجانہ، مزید جارحیت کے خلاف ضمانتیں شامل ہیں۔ سربراہ ایرانی مسلح افواج کا کہنا ہے کہ اصولوں میں علاقائی ممالک کی زیر قیادت سکیورٹی انتظامات بھی شامل ہیں۔

بقیہ نمبر 08

رہیں گی، ڈی پی او رانا عبدالوہاب تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی طرف سے منشیات فروشوں کی سرکوبی کے لئے جاری کردہ احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر رانا عبدالوہاب کی زیر کمانڈ بہاول پور پولیس نے گزشتہ ماہ سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر منشیات فروشوں کی گرفتاریاں عمل میں لاتے ہوئے 213 مقدمات درج رجسٹرڈ کر کے 213 ملزمان کو بند حوالات کیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 34 کلو 650 گرام چرس، 40 کلو 251 گرام کرسٹل آئس، 80 گرام ہیروئن، 3283 لیٹر شراب اور 30 عدد چالو بھٹیاں برآمد کیں۔ اس حوالے سے ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں کے خلاف خفیہ سٹنگ آپریشن کو مزید تیز کیا جائے۔ خاص کر تعلیمی اداروں میں یہ فعل ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے جس کا بہاولپور سے خاتمہ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ نمبر 09

پیش کریں، چوہدری سالک کو ہرجانیکا نوٹس بھجواوں گی۔ وزیر اعلی پنجاب نے کہا کہ چوہدری سالک کہتے ہیں سب سے بہترین حکومت پرویز الٰہی کی تھی مگر جب بارش میں گجرات گئی تو اتنا پانی تھا کہ میری گاڑی ڈوب گئی۔ مریم نواز نے کہا کہ حکومت اتنی کرپٹ ہے تو وزیر بن کر کیوں بیٹھےہیں، میں کسی کی نہیں سنتی، پنجاب میں افسران کو میرٹ پر لگاتی ہوں، جو سفارش پر آتا ہے تو ملک اور عوام کا بیڑا غرق کرتا ہے۔ دوسری جانب وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ وہ پنجاب میں کرپشن سے متعلق اپنے بیان پر قائم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ غرور اور تکبر سے بچائے، بیان پر قائم ہوں، پنجاب میں کرپشن ہو رہی ہے، ڈی سی لگوانے کی کوئی بات نہیں، ڈی سی پہلے ہی لگا ہوا تھا۔ چوہدری سالک نے کہا کہ انسان کے پاس اختیار آتا ہے تو اسے عاجز رہنا چاہیے، میں نے سچائی سے جواب دیا، پنجاب میں بالکل کرپشن ہو رہی ہے، ان معاملات کا تعلق صوبوں کے حوالے سے نہیں۔

بقیہ نمبر 10

خام تیل کی قیمت 48 سینٹ یعنی 0.5 فیصد اضافے کے بعد 105 ڈالرز 25 سینٹ فی بیرل ہوگئی۔ امریکی خام تیل ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) کی قیمت بھی 47 سینٹ یعنی 0.5 فیصد اضافے سے 96 ڈالرز 93 سینٹ فی بیرل پر پہنچ گئی۔ اس سے قبل گزشتہ روز عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی کا ریکارڈ کی گئی تھی۔ برینٹ خام تیل کی قیمت 8 ڈالرز 66 سینٹ یعنی 7.63 فیصد کمی کے بعد 104 ڈالرز 77 سینٹ فی بیرل پر بند ہوئی تھی۔ وال اسٹریٹ جرنل نے امریکی حکام کے حوالے سے بتایا تھا کہ امریکا نے ایران کے جزیرے قشم کو نشانہ بنایا۔ بعض امریکی حکام کے مطابق یہ حملے دفاعی نوعیت کے تھے، جن کا مقصد آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں پر حملوں کی ایرانی صلاحیت کو محدود کرنا تھا۔

بقیہ نمبر 11

کیے۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او رانا عبدالوہاب نے تمام سائلین کے مسائل فرداً فرداً تفصیل سے سنے اور متعلقہ افسران کو بذریعہ فون فوری قانونی کارروائی اور بروقت واپسی رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او بہاولپور نے مختلف درخواستوں پر انکوائریوں کے احکامات جاری کرتے ہوئے ریکوری کے مقدمات میں متعلقہ تفتیشی افسران کو ہدایت دی کہ جلد از جلد ریکوری مکمل کر کے مال مسروقہ مدعیان کے حوالے کیا جائے اور اس ضمن میں رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ غفلت یا تاخیر کے مرتکب افسران کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر ڈی پی او رانا عبدالوہاب کا کہنا تھا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد وزیر اعلی پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام و پولیس کے درمیان اعتماد کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ شہریوں نے ڈی پی او بہاولپور کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ مسائل کے فوری حل کے لیے پولیس افسران تک براہ راست رسائی ایک خوش آئند اور مثبت قدم ہے۔

بقیہ نمبر 12

مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 3 ہزار 896 ڈالر کی سطح پر مستحکم رہی ہے۔ مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی منگل کو فی تولہ سونے کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 4 لاکھ 12 ہزار 136 روپے اور فی دس گرام سونے کی قیمت بھی بغیر کسی تبدیلی کے 3 لاکھ 53 ہزار 340 روپے کی سطح پر مستحکم رہی۔ اس کے برعکس عالمی مارکیٹ میں فی اونس چاندی کی قیمت 1 ڈالر 20 سینٹس کی کمی سے 48 ڈالر 90 سینٹس کی سطح پر آگئی۔ کمی کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی فی تولہ چاندی کی قیمت 120 روپے کی کمی سے 5 ہزار 368 روپے اور فی دس گرام چاندی کی قیمت بھی 103 روپے کی کمی سے 4 ہزار 602 روپے کی سطح پر آگئی۔

بقیہ نمبر 13

سنے گئے۔ دھماکوں کی شدت سے قریبی عمارتوں کے در و دیوار لرز اٹھے، مقامی آبادی نے فضائی حدود میں نامعلوم جنگی طیاروں کی پروازوں کا دعوی بھی کیا ہے۔ ان دھماکوں کے فوری بعد ایرانی پاسداران انقلاب نے کہا تھا کہ انہوں نے جزیرہ قشم کے جنوب میں جدید الیکٹرانک وارفیئر سسٹم کے ذریعے امریکا کے 2 ایم کیو ایم ون سیون زیرو جاسوس ڈرونز کو ناکارہ بنا کر قبضے میں لے لیا ہے، جبکہ آبنائے ہرمز کے مشرقی حصے میں ایک امریکی ایم کیو نائن ریپر ڈرون کو مار گرایا ہے۔



صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کے دورہ کے دوران جدید مشینری کا جائزہ لے رہے ہیں جبکہ سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود بھی ہمراہ ہیں۔



چینی صوبے سنکیانگ کے اعلیٰ سطحی وفد کے محکمہ آبپاشی پنجاب کے دورے کے دوران وزیر آبپاشی وفد کے شرکا کو یادگاری شیلڈ دے رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 14

صدارت کالج کے پرنسپل ڈاکٹر رانا محمد عمران ارشد نے کی، جبکہ ڈاکٹر عصمت اللہ شاہ اور پروفیسر عرفان اعظم نے فوکل پرسنز کی حیثیت سے انتظامی امور سرانجام دیے۔ مقابلوں کے معیار اور شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے ریڈیو پاکستان بہاولپور کی سینئر پروڈیوسر عاصمہ ظہور نے بطور منصف شرکت کی اور طلباء کی تیار کردہ ڈاکومنٹریز اور ڈیجیٹل آرٹ کے نمونوں کا جائزہ لیتے ہوئے ان کی فنی مہارت، تخلیقی سوچ اور موضوع سے ہم آہنگی کو پرکھا۔ نتائج کے مطابق ڈاکومنٹری کے مقابلے میں محمد سراج الدین کی ٹیم نے پہلی پوزیشن حاصل کی، جبکہ ڈیجیٹل آرٹ کے شعبے میں احمد دین رضا نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے پہلی پوزیشن اپنے نام کی۔ اس موقع پر پرنسپل ڈاکٹر رانا محمد عمران ارشد نے کامیاب طلباء کو مبارکباد دی اور کہا کہ اس نوعیت کی تعلیمی و تخلیقی سرگرمیاں نوجوانوں میں خود اعتمادی، مثبت سوچ اور قومی ذمہ داریوں کا شعور اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طلباء کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے لیے مؤثر مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ اپنی تخلیقی استعداد کو بروئے کار لاتے ہوئے ملک کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے منتظمین کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے مستقبل میں بھی ایسی بامقصد سرگرمیوں کے تسلسل پر زور دیا۔

بقیہ نمبر 15

باوجود پاکستان کی چاول برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ ستمبر 2026 میں پاکستان نے تاریخی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چاول کی برآمدات میں دنیا کے تیسرے بڑے برآمد کنندہ ملک ویتنام کو پیچھے چھوڑ دیا۔ اس ماہ پاکستان نے 4 لاکھ 20 ہزار ٹن چاول برآمد کیے، جبکہ ویتنام کی برآمدات 3 لاکھ 37 ہزار ٹن رہیں۔ امریکا اور ایران کے درمیان کشیدگی اور خلیجی خطے میں بحری رکاوٹوں کے باوجود عالمی منڈی میں پاکستانی باسمتی چاول کی طلب برقرار رہی۔ مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی کے دوران پاکستان کی چاول برآمدات کے حجم میں 51 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جولائی سے ستمبر 2026 کے دوران چاول کی برآمدات سے حاصل ہونے والے زرمبادلہ میں بھی 37 فیصد اضافہ ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 16

پاکستان سیمنٹ مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے مطابق اکتوبر 2026 کے دوران سیمنٹ کی مقامی فروخت میں 1.17 فیصد اضافہ ہوا اور یہ 40 لاکھ 41 ہزار ٹن رہی۔ اسی ماہ سیمنٹ کی برآمدات 3.67 فیصد کمی کے بعد 7 لاکھ 68 ہزار 754 ٹن رہ گئیں، جبکہ مقامی فروخت اور برآمدات کو ملا کر مجموعی فروخت 0.37 فیصد اضافے سے 48 لاکھ 10 ہزار ٹن ریکارڈ کی گئی۔ ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کے مطابق جولائی سے اکتوبر 2026 تک سیمنٹ کی مجموعی فروخت 2.93 فیصد اضافے کے بعد ایک کروڑ 79 لاکھ 53 ہزار ٹن تک پہنچ گئی۔ اس عرصے میں مقامی مارکیٹ میں فروخت 5.93 فیصد بڑھ کر ایک کروڑ 48 لاکھ 89 ہزار ٹن رہی، تاہم سیمنٹ کی برآمدات 9.51 فیصد کمی کے بعد 30 لاکھ 64 ہزار ٹن ریکارڈ کی گئیں۔

بقیہ نمبر 18

محنت کو سراہا۔ ڈپٹی کمشنر نے طالبات کے عملی تجربات کے ذریعے سیکھنے کے رجحان پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ معیاری تعلیم کے فروغ اور طالبات میں سائنسی شعور اجاگر کرنے کے لیے اقدامات تیزی سے جاری ہیں۔ انہوں نے طالبات سے کہا کہ وہ اپنی تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے سائنسی ماڈلز کو مزید بہتر اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے مختلف کلاس رومز کا بھی دورہ کیا، طالبات سے تعلیمی نوعیت کے سوالات کیے اور تدریسی سرگرمیوں میں حصہ لیتے ہوئے انہیں پڑھایا۔ انہوں نے طالبات کی تعلیمی و نصابی سرگرمیوں اور اساتذہ کے تدریسی طریقہ کار کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے سکول میں صفائی ستھرائی اور مجموعی ماحول کو مزید بہتر بنانے کے لیے ہیڈ مسٹریس کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے سکول کی دیواروں اور گملوں کی خوبصورت رنگ و روغن سے تزئین و آرائش، راہداریوں کو دیدہ زیب بنانے اور مناسب مقامات پر پودے لگانے کی ہدایت کرتے ہوئے شجرکاری کے عمل کو فروغ دینے پر زور دیا تاکہ طالبات کو صاف ستھرا، سرسبز اور خوشگوار تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ نمبر 19

محفوظ رکھی جائیں اور ان کی اسٹوریج کے انتظامات سمیت درجہ حرارت کی باقاعدہ مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے تاکہ ادویات کا معیار برقرار رہے اور مریضوں کو معیاری ادویات فراہم کی جا سکیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کلینک میں علاج کے لیے آنے والی خواتین مریضوں سے ملاقات کی اور انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، علاج معالجے اور ڈاکٹرز و طبی عملے کے رویے کے بارے میں دریافت کیا۔ انہوں نے مریضوں سے سروسز کے معیار پر براہ راست فیڈ بیک بھی حاصل کیا اور ہدایت کی کہ مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور ذمہ دارانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے انہیں بروقت طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ انہوں نے ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملے کا ڈیوٹی روسٹر چیک کیا اور تمام عملے کی مقررہ اوقات میں حاضری اور تفویض کردہ ذمہ داریوں کی ادائیگی یقینی بنانے کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر نے کلینک میں صفائی ستھرائی اور انتظامی صورتحال کا بھی جائزہ لیا اور صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا نے کہا کہ سرکاری ہیلتھ کلینکس میں آنے والے مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ ادویات کی دستیابی، معیار اور مناسب درجہ حرارت پر محفوظ رکھنے کے انتظامات کے ساتھ صفائی ستھرائی پر بھی کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کو معیاری علاج معالجے کی فراہمی اور طبی عملے کی ذمہ دارانہ کارکردگی یقینی بنانے کے لیے صحت کی سہولیات کی مسلسل نگرانی جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ نمبر 20

دوران سالانہ بنیادوں پر 17.6 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک اور پاکستان بیورو برائے شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پاکستان اور شمالی یورپ کی دو طرفہ تجارت کا مجموعی حجم ایک ارب 24 کروڑ 23 لاکھ 90 ہزار ڈالر تک پہنچ گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ایک ارب 56 لاکھ 53 ہزار ڈالر تھا۔ جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران شمالی یورپ کے ممالک کو پاکستانی برآمدات کا حجم 848.62 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 769.36 ملین ڈالر تھا، اس طرح برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 10.3 فیصد اضافہ ہوا۔ ستمبر کے دوران ان ممالک کو پاکستانی برآمدات 275 ملین ڈالر رہیں جو اگست کے 257.07 ملین ڈالر کے مقابلے میں 7 فیصد اور گزشتہ سال ستمبر کے 252.96 ملین ڈالر کے مقابلے میں 8.7 فیصد زیادہ ہیں۔ مالی سال 2024 کے دوران شمالی یورپ کے ممالک کو پاکستانی برآمدات سے 2.85 ارب ڈالر کا زرمبادلہ حاصل ہوا تھا۔ اعداد و شمار کے مطابق جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران شمالی یورپ کے ممالک سے درآمدات کا حجم 393.77 ملین ڈالر ریکارڈ کیا گیا، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 287.17 ملین ڈالر تھا، اس طرح درآمدات میں 37.1 فیصد اضافہ ہوا۔ ستمبر کے دوران ان ممالک سے درآمدات 96 ملین ڈالر رہیں، جو اگست کے 157.20 ملین ڈالر کے مقابلے میں 38.9 فیصد کم، تاہم گزشتہ سال ستمبر کے 87.22 ملین ڈالر کے مقابلے میں 10.1 فیصد زیادہ ہیں۔ مالی سال 2024 کے دوران شمالی یورپ کے ممالک سے درآمدات کا مجموعی حجم 1.52 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا۔

☆☆☆☆

☆☆☆☆☆☆☆



قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

لیوی پر حکومت اور جماعت اسلامی کے مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل ہوگئے، لیاقت بلوچ

امیر جماعت اسلامی پاکستان حکومتی تجاویز کا جائزہ لے کر لائحہ عمل کا اعلان کرینگے

مطالبات منظور نہ ہوئے تو احتجاج کا مکمل حق رکھتے ہیں، نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان

اسلام آباد (سی ایم لنکس) قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت اور جماعت اسلامی کے درمیان پٹرولیم لیوی کے خاتمے اور عوام کو ریلیف دینے کے معاملے پر مذاکرات حتمی مرحلے میں داخل ہوگئے ہیں۔ دونوں فریقوں نے پٹرولیم لیوی کا خاتمہ ناگزیر قرار دیا ہے، جبکہ زرعی شعبے اور 1,000 سی سی گاڑیوں کو ریلیف دینے پر بھی اتفاق ہوا ہے۔ وزارت خارجہ میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار کی سربراہی میں حکومتی مذاکراتی کمیٹی سے ملاقات کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ آج کا اجلاس وزیراعظم شہباز شریف اور جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمٰن کی ملاقات کے تناظر میں ہوا۔ یہ مذاکرات کا حتمی راؤنڈ تھا، جس میں چار بنیادی نکات پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ ڈپٹی سیکرٹری سید فراست شاہ، امیر اسلام آباد نصراللہ رندھاوا اور سیکرٹری اطلاعات شکیل احمد ترابی بھی اس موقع پر موجود تھے۔ قبل ازیں جماعت اسلامی اور حکومت کے مذاکرات ہوئے۔ حکومتی مذاکراتی کمیٹی میں نائب وزیراعظم اسحاق ڈار، وفاقی وزیر احسن اقبال اور رانا ثنا اللہ شامل تھے، جبکہ جماعت اسلامی کی جانب سے لیاقت بلوچ، سید فراست شاہ اور انجینئر نصراللہ رندھاوا نے مذاکرات میں شرکت کی۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی نے عوام کو ریلیف دینے کے لیے حکومت کو چھ نکاتی تجاویز پیش کی تھیں۔ ان میں پٹرولیم لیوی کا خاتمہ، ریلیف پیکیج، پبلک ٹرانسپورٹ، 800 سی سی سے بڑی گاڑیوں اور زرعی شعبے کو ریلیف دینا شامل تھا۔ حکومت نے زرعی شعبے اور 1,000 سی سی گاڑیوں کو ریلیف دینے پر اتفاق کیا ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ حکومت نے بعض ریلیف اقدامات کیے ہیں، تاہم حکمران اپنی مراعات چھوڑنے پر آمادہ نہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئل ریفائنریوں کو بے تحاشا منافع کمانے کے مواقع دیے گئے ہیں، حکومت کے پاس لیوی برقرار رکھنے کا کوئی ٹھوس جواز نہیں۔ ان کے مطابق حکومتی مذاکراتی ٹیم نے اعتراف کیا ہے کہ عوام کو ملنے والا ریلیف جماعت اسلامی کے ملک گیر احتجاج کا نتیجہ ہے۔ حکومت نے یہ بھی تسلیم کیا ہے کہ لیوی کے خاتمے کا جماعت اسلامی کا مطالبہ حقائق پر مبنی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ دونوں مذاکراتی ٹیمیں لیوی کے بتدریج خاتمے اور عوامی ریلیف کے لیے ورکنگ پیپر تیار کریں گی۔ حکومت آج اپنی ورکنگ مکمل کرے گی، جبکہ کل دونوں اطراف کی ٹیمیں اس معاملے پر مزید پیشرفت کریں گی۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ مذاکرات کے معاہدے کے مسودے کا جائزہ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن لیں گے اور اس کے بعد وہ آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ حکومت کو عوام کو مزید ریلیف دینا ہوگا اور لیوی کے خاتمے کے معاملے پر پیشرفت کرنا ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ ترکی میں موجود حافظ نعیم الرحمٰن سے ٹیلی فون پر رابطہ کر کے مذاکرات کی پیشرفت سے آگاہ کیا اور ان سے رہنمائی بھی حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی کا بنیادی مقصد عوام کو ریلیف دلانا ہے، حکومت اس کا کریڈٹ نہ بھی دے تو عوام کو ریلیف ملنا ہی جماعت اسلامی کی بڑی کامیابی ہوگی۔ لیاقت بلوچ نے کہا ترکی سے واپسی پر حافظ نعیم الرحمٰن ملک بھر کے کارکنوں سے آن لائن خطاب میں آئندہ لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف اٹک پہنچ گئیں،

عوام، کارکنوں اور بچوں کا پرتپاک استقبال

وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی آمد پر ہر چوک، ہر چوراہے اور ہر سڑک پر پھول ہی پھول نچھاور کیے گئے

لاہور (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے اٹک پہنچنے پر عوام کے جم غفیر، کارکنوں اور بچوں نے پرتپاک استقبال کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی آمد پر ہر چوک، ہر چوراہے اور ہر سڑک پر پھول ہی پھول نچھاور کیے گئے۔ بٹیاں روڈ، کامرہ روڈ، یونیورسٹی روڈ پر وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی گاڑی گلاب کی پتیوں سے بھر گئی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے سیکورٹی ہٹا کر عوام اور بچوں کو اپنے پاس بلوایا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے بچوں کے ہمراہ اٹک کے میگا پراجیکٹس کا افتتاح کیے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے اٹک میں 23 ارب سے بننے والے 59 روڈز پراجیکٹس کا باضابطہ افتتاح کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ایگری مال، اراضی ریکارڈ سنٹر، ماڈل چلڈرن ماڈل ہوم، فتح جنگ سپیشل ایجوکیشن سنٹر سمیت 127 پراجیکٹس کا افتتاح بھی کیا۔ اٹک میں فتح جنگ پنڈی گھیب روڈ، ڈھوک لاہم تا جھمات روڈ، مٹھیال چوک تا ڈھوک پٹھان اور دیگر روڈ پراجیکٹ کا بھی افتتاح کر دیا گیا۔

ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت پارکس کی اپ گریڈیشن جاری ہے،

وہاڑی (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے محمدی پارک کی اپ گریڈیشن اور میونسپل لائبریری کی تزئین و آرائش کے کام کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے پارک میں مزید پودے لگانے اور لائبریری میں کتابیں موضوعات کے لحاظ سے ترتیب سے رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے خواتین کے لیے پنک ریڑھی بازار کے قیام کے حوالے سے مختلف سائٹس کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے تحت پارکس کی اپ گریڈیشن جاری ہے، پارکس میں عوام کو بہترین تفریحی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں جبکہ لائبریری میں شہریوں کو مطالعے کے لیے بہترین ماحول میسر آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے لیے مخصوص ریڑھی بازار کے قیام کے لیے جلد سائٹس کا انتخاب کر لیا جائے گا۔ اس موقع پر ڈی ڈی ڈویلپمنٹ محمد افضال، سی او ضلع کونسل ساجد محمود، سب انجینئر راؤ عدیل اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔

ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے گزشتہ رات ملتان روڈ کا دورہ کیا

پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) کے تحت جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا

وہاڑی (سی ایم لنکس) ڈپٹی کمشنر وہاڑی خالد جاوید گورائیہ نے گزشتہ رات ملتان روڈ کا دورہ کیا اور پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ڈی پی) کے تحت جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے سیوریج لائنز کی تنصیب کا کام مقررہ معیار کے مطابق اور بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خالد جاوید گورائیہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق عوام کو جدید میونسپل سروسز کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ سیوریج لائنز کی بہتری سے نکاسی آب کے نظام کو مؤثر بنایا جا رہا ہے، جس سے بارشوں کے دوران پانی کی بروقت نکاسی اور شہریوں کو درپیش مسائل میں کمی ممکن ہو سکے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام جدید میونسپل سروسز کی فراہمی اور پائیدار ترقی کے لیے حکومت پنجاب کا ایک انقلابی اقدام ہے۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ محمد افضال اور اے ڈی پی پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام عابد منظور ملغانی بھی موجود تھے۔

واسا مری کی جانب سے صاف پانی کی مفت فراہمی کا سلسلہ جاری، 13 لاکھ سے زائد افراد مستفید

مری (سی ایم لنکس) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات اور ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کے احکامات کی روشنی میں واسا مری کی جانب سے ''صاف پانی، گھر گھر'' اسکیم کے تحت شہری و دیہی علاقوں میں صاف پانی کی مفت فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ اگست 2026 میں شروع کیے گئے اس عوامی فلاحی منصوبے کے تحت 3 نومبر 2026 تک مجموعی طور پر 13 لاکھ 60 ہزار 256 افراد کو پانی کی فراہمی سے مستفید کیا جا چکا ہے، جبکہ اس دوران 23 لاکھ 24 ہزار 954 گیلن پانی کی مجموعی مقدار میں پانی تقسیم کیا گیا۔ منصوبے کے تحت مجموعی گھریلو آبادی 2 لاکھ 21 ہزار 835 ریکارڈ کی گئی ہے۔ مینجنگ ڈائریکٹر واسا مری کی براہ راست نگرانی میں فیلڈ ٹیمیں مختلف شہری و دیہی علاقوں میں پانی کی فراہمی کے عمل کو مؤثر انداز میں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ منصوبے کا بنیادی مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر مفت صاف پانی فراہم کرنا اور بالخصوص دیہی علاقوں میں پانی کی ضروریات پوری کرنا ہے۔

پاکستان سٹاک ایکسچینج میں کاروبار کے آغاز پر زبردست تیزی

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان سٹاک ایکسچینج میں منگل کو کاروبار کے آغاز پر تیزی کا رجحان رہا اور کے ایس ای 100 انڈیکس 1,756.35 پوائنٹس کے نمایاں اضافے سے ایک لاکھ 68 ہزار 320.41 پوائنٹس کی سطح پر پہنچ گیا۔ ابتدائی سیشن کے دوران مارکیٹ میں مجموعی طور پر 568 کمپنیوں کے حصص کا کاروبار ہوا، جن میں سے 347 کمپنیوں کے حصص کی قیمتوں میں اضافہ، 116 میں کمی جبکہ 105 کمپنیوں کے حصص کی قیمتیں مستحکم رہیں۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گردیزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ